© rasailojaraid.com


قوانین کو بوسیدہ اور ظالمانہ قرار دیکر۔ غیر ملکی امداد اپنے اکاؤنٹس میں جمع کرا کر، سرکاری خزانے سے اپنے لئے عالیشان عمارات تعمیر کروا کر، بیروزگاری پھیلا کر اور نہ جانے کون کون سے طریقوں سے ملک کو کھوکھلا کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

ان حالات میں اگر آپ پھر بھی کہیں کہ یہ یوم آزادی ہے تو میں آپ کے بھولپن اور بے حسی کو کیا کہہ سکتا ہوں۔ میں تو اسے یوم غلامی ہی کہوں گا اور اب یہ دور غلامی بھی سلب ہونے والا ہے۔ سیلاب آرہے ہیں بحرو بر میں فساد برپا ہے، خانہ جنگی ہے، ہر طرف انتشار اور بے سکونی کا دور دورہ ہے، قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے، دین کا سرعام مذاق اڑایا جارہا ہے، نفاذ شریعت کا مطالبہ کرنے والوں کو گولیوں سے بھونا جارہا ہے، کراچی میں روزانہ ۴۰/۵۰ شہری ہلاک کئے جارہے ہیں، رکھوالے بے حس ہیں، کسی کو کوئی تحفظ نہیں، عالم گونگے شیطان بن چکے ہیں، صاحب اختیار بے غیرت ہوگئے ہیں، دین داروں نے شکم پروری کا پیشہ اپنالیا ہے، نیکی سر چھپارہی ہے، برائی دندنارہی ہے، شیطان ننگا ناچ رہا ہے اور حاکم اپنی عیاشیوں میں مگن ہیں۔ خدا جانے کسی وقت اللہ تعالی کا بڑا عذاب نازل ہو جس میں وقت کے یہ فرعون اپنی خباثتوں کی وجہ سے تباہ و برباد ہوجائیں اور ملک و قوم کو بھی ساتھ ہی لے ڈوبیں۔ اللہ تعالی بے شک بہت بردبار ہے مگر جب پکڑتا ہے تو اس کی پکڑ بہت سخت ہوتی ہے۔

یارب ذوالجلال تیری برتری کی خیر!

## دعاء صحت

## جانشین امیر شریعت کی شدید علالت

حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری دامت برکاتھم شدید علیل ہیں۔ اور گھر پر زیر علاج ہیں احباب ان کی صحت یابی کے لئے خاص طور پر دعاء کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالی انہیں صحت و سلامتی عطاء فرمائے اور ان کا سایہ ہم پر قائم رکھے (آمین)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

* مرتضیٰ بھٹو دہشت گرد تھا اب سیاست میں آگیا ہے (بے نظیر)

ماضی میں بی بی سی انٹرویو میں کہا تھا "میرے بھائی دہشت گرد نہیں ہیں"

* سیاست دان ذلیل اور کمینے ہیں (جے سالک)

حرام خور اور بدمعاش بھی ہیں۔ آپ بھی ان میں شامل ہیں۔

* ڈانس اکیڈمیوں کے قیام کے اعلان پر فضل الرحمن کی خاموشی افسوس ناک ہے۔ (صاحبزادہ سعید خشر قیپوری)

وہ کہتے ہیں "ہم سے بے نظیر نے اسلام نافذ کرنے کا وعدہ کیا ہوا ہے۔"

* جنرل نصیر اللہ بابر "محسنِ کراچی" ہیں (کھرل)

چالیس پچاس شہری روز مروانا معمولی احسان نہیں۔

* تمام خرابیوں کی بنیاد اسلام آباد ہے۔ (جنرل حمید گل)

اور تمام خرابیوں کا علاج اسلام ہے۔

* ہم نے رشوت اور اقربا پروری میں اپنے ملک کو ناقابل تسخیر بنا لیا ہے۔ (عابد حسن منٹو)

ناقابلِ تسخیر تباہی کا انتظار کریں!

* اسلم بیگ سانحہ بہاولپور کے مرکزی کردار تھے۔ فوج حقائق چھپانے میں پیش پیش تھی۔ (اعجاز الحق)

آپ نے اپنے دورِ اقتدار میں حقائق کیوں ظاہر نہ کئے؟

* بے نظیر نے اپنی بیٹی آصفہ کی لندن میں اس وقت کی پیدائش کا جب وہ وزیر اعظم نہیں تھیں۔ کئی لاکھ روپے کا میڈیکل بل بنوا کر سرکاری خزانے سے وصول کر لیا ہے۔ (جمیل یوسف)

تنخواہ جو نہیں لیتیں۔ بل بھی نہ لیں تو کیا کریں!

* اداکارہ نادرہ کے قتل پر مشتاق اعوان اور یوسف صلاح الدین کو تشویش (ایک خبر)

ظاہر ہے اپنوں کو ہی تشویش ہوتی ہے۔

* فحش ڈانس کرنے پر ہیجڑے گرفتار۔ ایم پی اے سب کو تھانے سے چھڑوا کر لے گیا۔ (ایک خبر)

ایم پی اے کا نام بھی پھپھی پرویز اختر ہوگا۔

* بیرون ملک نہ پہنچنے پر شاہنواز چیمہ وزیر اوقاف کی میڈیکل بورڈ کے ڈاکٹر کو گالیاں۔ گولی مارنے کا حکم (ایک خبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


"غریبوں کا مقدر بدلنا" اسے کہتے ہیں۔

* اسلام آباد میں حسیناؤں کے ذریعے شراب کی فروخت (ایک خبر)

اعتراض حسیناؤں پر ہے، شراب پر نہیں۔

* وزیراعظم آج قومی سیرت کانفرنس کا افتتاح کریں گی (ایک خبر)

اس سیرت کا! جس کی تعلیمات یہ کہتی ہیں کہ غیر آدمی عورت کی آواز بھی نہ سنے؟

* اللہ میاں کا فون بھی آجائے۔ تو پروا نہیں کروں گا۔ (اظہر سہیل۔ ڈپٹی جی اے پی پی)

ایک لنگڑا مچھر ہی نمرود کی ساری نخوت کو خاک میں ملانے کے لئے کافی ہے۔

* کراچی کے گڑبڑ والے علاقے دہشت گردوں سے آزاد کرائے ہیں۔ (وزیراعلیٰ سندھ)

پھر یہ روزانہ کے ۳۰/۴۰ قتل حکومت کروا رہی ہے؟

* بینک جرائم کورٹ کے جج قربان صادق اکرام کو فیکس کے ذریعے چارج چھوڑنے کا حکم میاں شریف کی ضمانت قبل از گرفتاری کی سزا (ایک خبر)

"انصاف عوام کی دہلیز پر"

* حسین حقانی نے اسلام آباد بیٹھنا شروع کر دیا (ایک خبر)

جیسے خدا نخواستہ مایوس بیٹھ گئے ہوں۔

* بے نظیر کا فرانس میں محل بن گیا ہے جلد وہاں چلی جائیں گی (تہمینہ دولتانہ)

امریکن سنڈی رس چوس کر ہی جائے گی۔

* میلاد النبی ﷺ کی رات کو بھوربن میں رقص و سرور کی شیطانی محفل (ایک خبر)

یہ لوگ اللہ کے غضب سے نہیں بچ سکیں گے۔

* کراچی میں قتل و غارت ہو رہی ہے۔ کشمیر پر کس منہ سے بات کریں (نصر اللہ)

دوسرے منہ سے بات کریں۔

* حکومت کی ڈولی رخصت ہونے والی ہے۔ (نواز شریف)

دلہا آپ بھی نہیں بنتے!

* دیکھوں گا دریا کیسے بپھرتے ہیں؟ (منظور وٹو)

دریا بپھرے، بستیاں نذرِ آب، فصلیں تباہ و برباد، جان و مال ہوئے غرقاب، فرعون وٹو! تو نے روک لیا پھر یہ عذاب!

* اجمل دہلوی کو کل جواب دوں گا۔ (این ڈی خان)

کل ہی کیوں؟ آج دے دیں۔

* سپیکر قومی اسمبلی ہیں تو مرد، لیکن بی بی سے ڈرتے ہیں (حاجی بوٹا)

© rasailojaraid.com